ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس پاکستان

تحریری امتحان - ہدایات برائے امیدوار

1. فزیکل اور میڈیکل میں پاس اہل امیدواروں کے تحریری امتحان برائے آسامی اے ایس آئی، کارپورل، اسسٹنٹ، سٹینو ٹائپسٹ، یوڈی سی، ایل ڈی سی، لیب اٹینڈنٹ اور نرسنگ اسسٹنٹ کے لئے منعقد کئے جائیں گے۔

2. تحریری امتحان کا انعقاد 08 اپریل 2025 سے کیا جائے گا اور اس کے لئے اہل امیدواروں کی ٹیسٹ سلپ ASF کی آفیشل ریکروٹمنٹ ویب سائٹ joinasf.gov.pk پر اپلوڈ کر دی گئی ہیں۔ امیدوار اپنا شناختی کارڈ نمبر فراہم کر کے اپنی تحریری ٹیسٹ سلپ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

3. **امیدوار اپنی تحریری ٹیسٹ سلپ اور اصل قومی شناختی کارڈ ہمراہ لائیں۔ ان کے بغیر امیدوار کو امتحانی مرکز میں کسی بھی صورت داخلے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔**

4. تحریری امتحان کے لئے کالا، نیلا پین یا مارکر استعمال کریں اور امتحانی گتہ بھی اپنے ہمراہ لائیں۔

5. امیدوار مقررہ تاریخ پر دیئے گئے وقت سے دو گھنٹے پہلے اپنے متعلقہ ٹیسٹ سنٹر پر حاضر ہو۔ اگر کوئی اُمیدوار اپنی مقرر کردہ تاریخ یا وقت پر تحریری امتحان کے لئے حاضر نہیں ہوتا تو اُس کو کسی اور تاریخ میں امتحان دینے کی اجازت ہرگز نہیں دی جائے گی۔

6. **کمپیوٹرائزڈ جوابی کاپی پر امیدوار کا رول نمبر، شناختی کارڈ نمبر، نام اور ولدیت پرنٹ کیا گیا ہے، اپنے کوائف کو بخوبی چیک کریں اور درست نہ ہونے کی صورت میں اپنے نگران سے رابطہ کریں اور صرف اپنے کوائف والی خصوصی جوابی کاپی حاصل کریں، بصورت دیگر آپ کا پیپر منسوخ ہو جائیگا۔**

7. جوابی کاپی پر دی گئی مختص جگہ پر سوالیہ پیپر کوڈ لازمی پُر کریں۔ اپنے دستخط کریں اور جوابات کے لئے صحیح دائرے کو پُر کریں۔ کوائف صحیح پُر نہ کرنے کی صورت میں کمپیوٹر آپ کے پیپر کی شناخت نہیں کرے گا۔

8. امتحانی مرکز میں ہونے والی Announcement، امتحانی قواعد اور کمپیوٹرائزڈ جوابی کاپی پُر کرنے کی ہدایات کو انتہائی غور سے سُنیں۔

9. جوابی کاپی پر Correction Fluid کا استعمال یا Cutting کرنا منع ہے۔ جوابی کاپی کو Fold اور Staple نہ کریں اور نہ ہی دائرے کے باہر نشان لگائیں ورنہ کمپیوٹر آپ کی جوابی کاپی کو قبول نہیں کرے گا۔

10. سوالیہ پیپر / جوابی کاپی کی تصویر بنانا یا کسی دُوسرے پیپر پر سوالات اُتارنا قطعی منع ہے اس صورت میں آپ کا پیپر منسوخ کر دیا جائیگا اور قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔

11. **موبائل فون، کیلکولیٹر، الیکٹرانک ڈیوائس یا کسی اور قسم کا غیر قانونی نقل کا مواد (کاغذ، کتاب، ڈکشنری وغیرہ) ساتھ لانا ممنوع ہے۔ امیدوار کو مکمل تلاشی اور جانچ پڑتال کے بعد ٹیسٹ سینٹر میں داخلہ کی اجازت دی جائے گی۔ تلاشی کے دوران برآمدگی کی صورت میں ایف آئی آر درج کر کے قانونی کاروائی کی جائے گی۔**

12. اُمیدواروں کے لئے امتحان سے متعلق تمام قواعد وضوابط پر عمل کرنا لازمی ہوگا۔ امتحانی عمل کے دوران کسی بھی اُمیدوار کی طرف سے غیر قانونی مدد طلب کرنے، نقل / بدنظمی / خلل پیدا کرنے پر اُس کو نااہل قرار دیا جائے گا اور قانونی کاروائی عمل میں آئے گی۔

13. مزید براں! چند سماج دشمن عناصر جعلی بھرتی اشتہار / کالز / میسج / لیٹرز وغیرہ سے عوام کو گمراہ کر رہے ہیں، لہٰذا ایسی تمام جعلی خبروں و معلومات سے خود کو محفوظ رکھیں ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس، عوام الناس کو گمراہ کرنے والے افراد / ویب سائٹس / بلاگز کے خلاف قانونی چارہ جوئی کرنے کا مجاز ہے۔

14. تحریری امتحان کے لئے کوئی TA/ DA نہیں دیا جائے گا۔